Ministry of Poverty Alleviation and Social Safety
Government of Pakistan

بلا سُود قرضے

PPAF
پی پی اے ایف

# بلاسود قرض حاصل کرنے کے مختلف مراحل

بلاسود قرض پروگرام کا مقصد معاشرے کے غریب طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو معاشی طور پر خود مختار بنانا اور اس کے لئے ہنرمند نوجوانوں، خواتین، معذور اور خواجہ سراء افراد اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو پائیدار ذریعۂ معاش کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔

## 1 نمایاں خصوصیات

- بلاسود قرض کی زیادہ سے زیادہ رقم کی حد 75 ہزار روپے
- پچاس فیصد قرضہ جات خواتین کے لیے مختص
- آسان شرائط پر بلاسود قرض کی واپسی

## 2 اہلیت

- 18 سے 60 سال تک کی عمر کے پاکستانی شہری
- قومی شناختی کارڈ رکھنے والے افراد
- بلاسود قرض پروگرام کے تحت اضلاع کا رہائشی
- درخواست گزار کے گھرانے کا غربت کی درجہ بندی پر سکور 0 سے 40
- قابل عمل کاروباری منصوبے کی سمجھ بوجھ

## 3 بلاسود قرض کے حصول کے مراحل

- بلاسود قرض کے لیے درخواست (لکھی ہوئی یا زبانی)
- بلاسود قرض کے لئے درخواست گزار کے طور پر رجسٹریشن
- درخواست فارم اور کاروباری منصوبے کے لیے فارم پر کرنا

## 4 درخواست گزار کی تشخیص کا عمل

- سماجی تشخیص: گھر اور محلے سے درخواست گزار کے بارے میں معلومات کی تصدیق
- معاشی تصدیق: درخواست گزار کے غربت سکور کارڈ کی تصدیق

## 5 بلاسود قرض کی منظوری کا عمل

- بلاسود قرض مرکز کی طرف سے جانچ پڑتال (اوپر دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق)
- بلاسود قرض مرکز کی طرف سے بلاسود قرض کی ابتدائی منظوری
- قرض مرکز کی جانب سے بلاسود قرض کی ابتدائی منظوری کی درخواست شراکتی ادارے کے مرکزی دفتر میں جمع کرانا

## 6 درخواست گزار کے لئے بلاسود قرض کا اجراء

- درخواست کی حتمی منظوری
- آرڈر چیک جس پر درخواست گزار کا نام اور قومی شناختی کا نمبر لکھا ہوتا ہے، یا PIN کا اجراء جس کو استعمال کر کے رقم کی الیکٹرانک ترسیل کردی جاتی ہے
- قرض مرکز پر بلاسود قرضہ چیک کی فراہمی

## 7 بلاسود قرض کی واپسی

- بلاسود قرض ایک سال کی مدت میں واپس کرنا ہوتا ہے
- بلاسود قرض ماہانہ، سہ ماہی یا ششماہی بنیاد پر واپس کیا جاسکتا ہے
- قرض کی کل رقم کی یک مشت واپسی اس مدت کے دوران کسی بھی وقت کی جاسکتی ہے